

اردو

# پیَدایشؔ کی کتاب

## رنگین بائبل

باب نمبر12 سے 17کی آیات



# پیَدایشؔ کی کتاب

## رنگین بائبل

## CHAPTERS 12 TO 17

============

A visual verse by verse Bible without skipping any of the verses!

Read all of our books for free at **www.MrMacBible.com**


============

Copyright © 2017 Mr. Mac Bible, Inc.  All rights reserved.

Authored by D. Scott McNamara (Mr. Mac)
Illustrated by Kirsten Nimwey and Charlene Mae Malonzo
Translated by missionaries of Pakistan

============


All verses taken from the Holy Bible in the Urdu language.


اپنا مُلک چھوڑ
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۔۲۰
پیَدایشؔ ۱۲: ۱
اورخُداوند نے کہا کہ، ” تُواپنےوطن
اوراپنےناتے داروں کے بیچ سے اور
اپنےباپ کے گھر سے نکل کر اُس مُلک
میں جا جو میَں تجھے دکھاونگا۔“


” اورمیَں تجھے ایک بڑی قوم بناؤنگا
اور برکت دُونگا اور تیرا نام سرفراز
کرونگا سو تُو باعثِ برکت ہو!۔‘‘
پیَدایشؔ ۱۲: ۲



”جوتجھےمبارک کہیں اُنکو میَں برکت
دُونگا اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر
میَں لعنت کرؤنگا اور زمین کے سب
قبیلے تیرے وسیلہ سے برکت پائینگے۔“
پیَدایشؔ ۱۲: ۲-۳


سوابرامؔ خُداوند کے کہنے کے مُطابق چل پڑا
اور لُوطؔ اُسکے ساتھ گیااورابرامؔ پچھتّربرس
کاتھا جب وہ حارانؔ سے روانہ ہُؤا۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۴


اور ابرامؔ نے اپنی بیوی ساریؔ اور اپنے بھتیجے لُوطؔ
کو اور سب مال کو جو اُنہوں نے جمع کیا تھا اور اُن آدمیوں
کو جو اُنکو حارانؔ میں مل گئے تھے ساتھ لیا اور وہ
مُلکِ کنعانؔ کو روانہ ہوئے اور مُلکِ کنعانؔ میں آئے۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۵


اورابرامؔ اُس مُلک میں سے گُزرتا ہُؤامقامِ
سِکمؔ میں مورہؔ کے بلوط تک پہُنچا۔اُس
وقت مُلک میں کنعانی رہتے تھے۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۶


پیَدایشؔ ۱۲: ۷
تب خُداوند نے ابرامؔ کو دکھائی دیکر کہا
کہ، ” یہی مُلک میَں تیری نسل کو دُونگا۔“



پیَدایشؔ ۱۲: ۷۔۸
اوراُس نےوہاں خُداوند کے لئے جو اُسے
دکھائی دیا تھا ایک قُربانگاہ بنائی۔ اوروہاں
سےکُوچ کرکے اُس پہاڑ کی طرف گیا جو بیت
ایلؔ کے مشرق میں ہے اوراپنا ڈیرا اَیسے لگایا
کہ بیت ایلؔ مغرب میں اور عیؔ مشرق میں پڑا۔


پیَدایشؔ ۱۲ : ۸
اوروہاں اُس نےخُداوند کے ایک قُربان گاہ بنائی اور خُداوند سے دُعا کی۔


اور ابرامؔ سفر کرتا کرتا جنوب کی طرف بڑھ گیا۔ اور اُس مُلک میں کال پڑا۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۹۔۱۰


اورابرامؔ مصرؔ کوگیاکہ وہاں ٹکِا
رہےکیونکہ مُلک میں سخت کال تھا۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۰



پیَدایشؔ ۱۲: ۱۱
اور اَیسا ہُؤا کہ جب وہ مصرؔ میں داخل ہونےکوتھا تواُس نے اپنی بیوی ساریؔ سےکہا کہ، ”دیکھ میں جانتا ہوں کہ تُو دیکھنےمیں خوبصورت عورت ہے۔“


”اوریُوں ہوگا کہ مصری تجھے دیکھ
کرکہینگےکہ یہ اُسکی بیوی ہے۔ سووہ
مجھےتومارڈالینگےمگرتجھےزندہ رکھ لینگے۔“
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۲


پیَدایشؔ ۱۲: ۱۳
" سوتُویہ کہہ دینا کہ میں اِسکی بہن ہوں
تاکہ تیرے سبب سےمیری خیرہواورمیری
جان تیری بدولت بچی رہے۔"


پیَدایشؔ ۱۲: ۱۴
اوریُوں ہُؤاکہ جب ابرامؔ مصرؔمیں آیا
تومصریوں نےاُس عورت کودیکھا
کہ وہ نہایت خوبصورت ہے۔


اورفرعونؔ کےاُمرا نے اُسے دیکھ کر فرعونؔ کے حضور میں اُسکی تعریف کی،
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۵
۔۔۔اوروہ عورت فرعونؔ کے گھر پہنچائی گئی۔


اوراُس نےاُسکی خاطرابرامؔ پراحسان کیا اور بھیڑ
بکریاں اور گائے بیل اور گدھے اور غلام اور
لوَنڈیاں اور گدھیاں اور اُونٹ اُسکے پاس ہوگئے۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۶


پرخُداوند نے فرعونؔ اور اُسکے خاندان
پر ابرامؔ کی بیوی ساریؔ کے سبب
سے بڑی بڑی بلائیں نازل کیں۔
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۷


پیَدایشؔ ۱۲: ۱۸
تب فرعونؔ نے ابرامؔ کوبُلاکراُس سے کہا
کہ، " تُونےمجھ سے کیا کیا؟ تُونےمجُھے
کیوں نہ بتایاکہ یہ تیری بیوی ہے؟"



” تُونے یہ کیوں کہا کہ وہ میری بہن ہے؟ اِسی لئے
میں نےاُسےلیا کہ وہ میری بیوی بنے۔ سو دیکھ
تیری بیوی حاضر ہے۔ اُسکو لے اور چلا جا۔“
پیَدایشؔ ۱۲: ۱۹


اورفرعونؔ نے اُسکے حق میں اپنے آدمیوں کوہدایت کی اوراُنہوں نے اُسے اوراُسکی بیوی کواُسکے سب مال کے ساتھ روانہ کیا۔
پیدایشؔ ۱۲: ۲۰

# BIBLE: Genesis 12:1-6

**12:1** Now the LORD said to Abram,
“Leave your country, and your
relatives, and your father’s house, and
go to the land that I will show you. 2 I
will make of you a great nation. I will
bless you and make your name great.
You will be a blessing. 3 I will bless
those who bless you, and I will curse
him who treats you with contempt. All
the families of the earth will be
blessed through you.”

4 So Abram went, as the LORD had
told him. Lot went with him. Abram was
seventy-five years old when he
departed from Haran. 5 Abram took
Sarai his wife, Lot his brother’s son,
all their possessions that they had
gathered, and the people whom they
had acquired in Haran, and they went
to go into the land of Canaan. They
entered into the land of Canaan.

6 Abram passed through the land to
the place of Shechem, to the oak of
Moreh. At that time, Canaanites were
in the land.

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۲: ۱ سے ۱۲: ۶

۱۲ ۱۔ اورخُداوند نے کہا کہ، ” تُواپنےوطن
اوراپنےناتے داروں کے بیچ سے اور اپنےباپ کے
گھر سے نکل کر اُس مُلک میں جا جو میَں تجھے
دکھاونگا۔“

۲۔ اورمیَں تجھے ایک بڑی قوم بناؤنگا اور برکت
دُونگا اور تیرا نام سرفراز کرونگا سو تُو باعثِ برکت
ہو!۔“۔۳۔ ”جوتجھےمبارک کہیں اُنکو میَں برکت
دُونگا اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر میَں لعنت
کرؤنگا اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلہ سے
برکت پائینگے۔“

۴۔ سوابرامؔ خُداوند کے کہنے کے مُطابق چل پڑا
اور لُوطؔ اُسکے ساتھ گیااورابرامؔ پچھتّربرس کاتھا
جب وہ حارانؔ سے روانہ ہُؤا۔۵۔ اورابرامؔ نےاپنی
بیوی ساریؔ اوراپنےبھتیجےلُوطؔ کواورسب مال
کوجواُنہوں نےجمع کیا تھا اوراُن آدمیوں کو جو
اُنکوحارانؔ میں مل گئے تھے ساتھ لیا اور وہ مُلکِ
کنعانؔ کو روانہ ہوئے اور مُلکِ کنعانؔ میں آئے۔

۶۔اورابرامؔ اُس مُلک میں سے گُزرتا ہُؤامقامِ سِکمؔ
میں مورہؔ کے بلوط تک پہُنچا۔اُس وقت مُلک میں
کنعانی رہتے تھے۔

# BIBLE: Genesis 12:7-12

7 The LORD appeared to Abram and
said, "I will give this land to your
offspring." He built an altar there to
the LORD, who had appeared to him.

8 He left from there to go to the
mountain on the east of Bethel and
pitched his tent, having Bethel on the
west, and Ai on the east. There he built
an altar to the LORD and called on the
LORD's name. 9 Abram travelled, still
going on towards the South.

10 There was a famine in the land.
Abram went down into Egypt to live as a
foreigner there, for the famine was
severe in the land.

11 When he had come near to enter
Egypt, he said to Sarai his wife, "See
now, I know that you are a beautiful
woman to look at.

12 It will happen, when the Egyptians
see you, that they will say, 'This is his
wife.' They will kill me, but they will
save you alive.

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۲: ۷ سے ۱۲: ۱۲

۷۔ تب خُداوند نے ابرامؔ کو دکھائی دیکر کہا
کہ، " یہی مُلک میَں تیری نسل کو
دُونگا۔"اور اُس نےوہاں خُداوند کے لئے جو اُسے
دکھائی دیا تھا ایک قُربانگاہ بنائی۔

۸۔ اوروہاں سےکُوچ کرکے اُس پہاڑ کی
طرف گیا جو بیت ایلؔ کے مشرق میں ہے
اوراپنا ڈیرا اَیسے لگایا کہ بیت ایلؔ مغرب میں
اور عیؔ مشرق میں پڑا۔ اوروہاں اُس نےخُداوند
کے ایک قُربان گاہ بنائی اور خُداوند سے دُعا
کی۔ اوروہاں اُس نےخُداوند کے ایک قُربان گاہ
بنائی اور خُداوند سے دُعا کی۔۹۔ اورابرامؔ
سفرکرتاکرتاجنوب کی طرف بڑھ گیا۔

۱۰۔ اور اُس مُلک میں کال پڑا۔ اورابرامؔ
مصرؔ کوگیاکہ وہاں ٹکِا رہےکیونکہ مُلک میں
سخت کال تھا۔

۱۱۔ اوراَیسا ہُؤا کہ جب وہ مصرؔمیں داخل
ہونےکوتھا تواُس نے اپنی بیوی ساریؔ سےکہا
کہ، "دیکھ میں جانتا ہوں کہ تُو دیکھنےمیں
خوبصورت عورت ہے۔"

۱۲۔ "اوریُوں ہوگا کہ مصری تجھے دیکھ
کرکہینگےکہ یہ اُسکی بیوی ہے۔ سووہ
مجھےتومارڈالینگےمگرتجھےزندہ رکھ لینگے۔"

# BIBLE: Genesis 12:13-19

13 Please say that you are my
sister, that it may be well with me for
your sake, and that my soul may live
because of you."

14 When Abram had come into
Egypt, Egyptians saw that the woman
was very beautiful.

15 The princes of Pharaoh saw her,
and praised her to Pharaoh; and the
woman was taken into Pharaoh's house.
16 He dealt well with Abram for her
sake. He had sheep, cattle, male
donkeys, male servants, female
servants, female donkeys, and camels.

17 The LORD afflicted Pharaoh and
his house with great plagues because
of Sarai, Abram's wife. 18 Pharaoh
called Abram and said, "What is this
that you have done to me? Why didn't
you tell me that she was your wife?

19 Why did you say, 'She is my
sister,' so that I took her to be my
wife? Now therefore, see your wife,
take her, and go your way."

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۲: ۱۳ سے ۱۲: ۱۹

۱۳۔ " سوتُویہ کہہ دینا کہ میں اِسکی بہن ہوں
تاکہ تیرے سبب سےمیری خیرہواورمیری جان
تیری بدولت بچی رہے۔"

۱۴۔ اوریُوں ہُؤاکہ جب ابرامؔ مصرؔمیں آیا
تومصریوں نےاُس عورت کودیکھا کہ وہ نہایت
خوبصورت ہے۔

۱۵۔ اورفرعونؔ کےاُمرا نے اُسے دیکھ کر
فرعونؔ کے حضور میں اُسکی تعریف کی اوروہ
عورت فرعونؔ کے گھر پہنچائی گئی۔۱۶۔ اوراُس
نےاُسکی خاطرابرامؔ پراحسان کیا اور بھیڑ
بکریاں اور گائے بیل اور گدھے اور غلام اور
لوَنڈیاں اور گدھیاں اور اُونٹ اُسکے پاس ہوگئے۔

۱۷۔ پرخُداوند نےفرعونؔ اوراُسکےخاندان
پرابرامؔ کی بیوی ساریؔ کے سبب سے بڑی بڑی
بلائیں نازل کیں۔ ۱۸۔ تب فرعونؔ نے ابرامؔ
کوبُلاکراُس سے کہا کہ، " تُونےمجھ سے کیا کیا؟
تُونےمجُھے کیوں نہ بتایاکہ یہ تیری بیوی ہے؟"

۱۹۔ " تُونے یہ کیوں کہا کہ وہ میری بہن
ہے؟ اِسی لئے میں نےاُسےلیا کہ وہ میری بیوی
بنے۔ سو دیکھ تیری بیوی حاضر ہے۔ اُسکو لے
اور چلا جا۔"

## Genesis 12:20

20 Pharaoh commanded men concerning him, and they escorted him away with his wife and all that he had.


## پیَدایشؔ ١٢: ٢٠

٢٠۔ اورفرعونؔ نےاُسکےحق میں اپنےآدمیوں
کوہدایت کی اوراُنہوں نےاُسےاوراُسکی بیوی
کواُسکےسب مال کے ساتھ روانہ کیا۔





خُدا ابرامَّ سے ہمکلام ہوتا ہے۔


ابرامَّ اور ساریَّ


ابرامؔ خُدا کے لئے قربان گاہ بناتا ہے۔



ابرامؑ، ساریؑ اور لُوطؑ مصر میں داخل ہوتے ہیں۔



مصّر پر فرعونّ حاکم تھا۔



سارىؔ فرعونؔ کے گھر پہنچائی جاتی ہے!
!!!


فرعونؔ ابرامؔ کوساریؔ لوٹا دیتا ہے۔


”تُونے مجُھے کیوں کہا کہ یہ تیری بہن تھی؟“


پیَدایشؔ ۱۳: ۱۔۱۸
پیَدایشؔ ۱۳: ۱
اورابرامؔ مصرؔ سے اپنی بیوی اور
اپنے سب مال اور لُوطؔ کو ساتھ لیکر
کنعانؔ کے جنوب کی طرف چلا۔


اور ابرامؔ کے پاس چَوپائے
اور سونا چاندی بکثرت تھا۔
پیَدایشؔ ۱۳ : ۲



اورکنعانؔ کےجنوب سےسفرکرتا ہُؤا بیتؔ ایل میں
اُس جگہ پہنچا جہاں پہلے بیتؔ ایل اورعیؔ کے
درمیان اُسکا ڈیرا تھا۔ یعنی وہ مقام جہاں اُس نے
شروع میں قربان گاہ بنائی تھی۔
پیَدایشؔ ۱۳: ۳۔۴


اوروہاں ابرامؔ نے خُداوند سے دُعا کی۔
اورلُوطؔ کے پاس بھی جوابرامؔ کا ہم سفرتھا
بھیڑ بکریاں گائے بیل اور ڈیرے تھے۔
پیَدایشؔ ۱۳ : ۴-۵


پیَدایشؔ ۱۳ : ۶
اوراُس مُلک میں اِتنی گنجائش نہ تھی کہ
وہ اِکھٹے رہیں کیونکہ اُنکے پاس اِتنا
مال تھا کہ اِکھٹے نہیں رہ سکتے تھے۔



!!!
پیَدایشؔ ۱۳ : ۷
اورابرامؔ کےچرواہوں اورلُوطؔ
کےچرواہوں میں جھگڑا ہُؤا۔


اورکنعانی اور فرزّی اُس
وقت مُلک میں رہتے تھے۔
پیَدایشؔ ۱۳: ۷


پیَدایشؔ ۱۳ : ۸
تب ابرامؔ نے لُوطؔ سے کہا کہ، ” میرے اور تیرے درمیان
اور میرے چرواہوں اور تیرے چرواہوں کے درمیان
جھگڑا نہ ہُؤا کرے کیونکہ بھائی ہیں۔“



” کیا یہ سارا مُلک تیرے سامنے نہیں؟ سوتُو مجُھ سے الگ ہوجا۔“
پیَدایشؔ ۱۳ : ۹



” اگر تُو بائیں جائے تو میں دہنے جاؤنگا اور
اگر تُو دہنے جائے تومیں بائیں جاؤنگا۔‘‘
پیَدایشؔ ۱۳: ۹



**پیَدایشؔ ۱۳: ۱۰**

تب لُوطؔ نے آنکھ اُٹھا یردنؔ کی ساری ترائی پر ضُغرؔ
کی طرف ہے نظر دوڑائی کیونکہ وہ اِس سے پیشتر
کہ خُداوند نے سدومؔ اور عمورہؔ کو تباہ کیا خُداوند کے
باغ اور مصرؔ کے مُلک کی مانند خوب سیراب تھی۔


پیَدایشؔ ۱۳: ۱۱
سو لُوطؔ نے یردنؔ کی ساری ترائی کو اپنے لئے چُن لیا اور مشرق کی طرف چلا اور وہ ایک دُوسرے سے جُدا ہوگئے۔



ابرامؔ تومُلکِ کنعانؔ میں رہا اور لُوطؔ نے
ترائی کے شہروں میں شکونت اختیار کی
اور سدومؔ کی طرف اپنا ڈیرا لگایا۔
پیَدایشؔ ۱۳: ۱۲



لُوطؔ سدومؔ میں جاتا ہے!
پیَدایشؔ ۱۳ : ۱۳-۱۸
پیَدایشؔ ۱۳ : ۱۳
اورسدومؔ کے لوگ خُداوند کی نظر
میں نہایت بدکار اور گنہگار تھے۔


اور لُوطؔ کے جُدا ہوجانے کے بعد
خُداوند نے ابرامؔ سے کہا کہ، ” اپی آنکھ
اُٹھا اور جس جگہ تُو ہے وہاں سے شمال
اور جنوب اور مشرق اور مغرب کی
طرف نظر دَوڑا۔ کیونکہ یہ تمام مُلک جو
تُو دیکھ رہا ہے میں تجھ کو اور تیری
نسل کو ہمیشہ کے لئے دُونگا۔“
پیَدایشؔ ۱۳: ۱۴۔۱۵


پیَدایشؔ ۱۳: ۱۶
” اور میں تیری نسل کو خاک کے ذرّوں کی مانند بناؤنگا ایسا کہ اگر کوئی شخص خاک کے ذرّوں کو گن سکے تو تیری نسل بھی گن لی جائیگی۔‘‘


" اُٹھ اور اِس مُلک کے طُول وعرض میں سیر
کر کیونکہ کیونکہ میں اِسے تجھ کو دُونگا۔“
پیَدایشؔ ۱۳: ۱۷


اورابرامؔ نے اپنا ڈیرا اُٹھایا اور ممرےؔ کے
بلُوطوں میں جو حبرونؔ ہیں جاکر رہنے لگا
اور وہاں خُداوند کے لئے ایک قربان گاہ بنائی۔
پیَدایشؔ ۱۳: ۱۸

## BIBLE: Genesis 13:1-7

**13:1** Abram went up out of Egypt—he, his wife, all that he had, and Lot with him—into the South.

2 Abram was very rich in livestock, in silver, and in gold. 3 He went on his journeys from the South as far as Bethel, …to the place where his tent had been at the beginning, between Bethel and Ai,

4 to the place of the altar, which he had made there at the first. There Abram called on the LORD's name. 5 Lot also, who went with Abram, had flocks, herds, and tents.

6 The land was not able to bear them, that they might live together; for their possessions were so great that they couldn't live together.

7 There was strife between the herdsmen of Abram's livestock and the herdsmen of Lot's livestock. The Canaanites and the Perizzites lived in the land at that time.

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۳: ۱ سے ۱۳: ۷

**۱۳: ۱** اورابرامؔ مصرؔ سے اپنی بیوی اور اپنے سب مال اور لُوطؔ کو ساتھ لیکر کنعانؔ کے جنوب کی طرف چلا۔

۲۔ اورابرامؔ کے پاس چَوپائے اور سونا چاندی بکثرت تھا۔ ۳۔ اورکنعانؔ کےجنوب سےسفرکرتا ہُؤا بیتؔ ایل میں اُس جگہ پہنچا جہاں پہلے بیتؔ ایل اورعیؔ کے درمیان اُسکا ڈیرا تھا۔ ۴۔یعنی وہ مقام جہاں اُس نے شروع میں قربان گاہ بنائی تھی۔ اوروہاں ابرامؔ نے خُداوند سے دُعا کی۔۵۔اورلُوطؔ کے پاس بھی جوابرامؔ کا ہم سفرتھا بھیڑ بکریاں گائے بیل اور ڈیرے تھے۔

۶۔ اوراُس مُلک میں اِتنی گنجائش نہ تھی کہ وہ اِکھٹے رہیں کیونکہ اُنکے پاس اِتنا مال تھا کہ اِکھٹے نہیں رہ سکتے تھے۔

۷۔ اورابرامؔ کےچرواہوں اورلُوطؔ کےچرواہوں میں جھگڑا ہُؤا۔ اورکنعانی اور فرزّی اُس وقت مُلک میں رہتے تھے۔

# BIBLE: Genesis 13:8-12

8 Abram said to Lot, “Please, let there be no strife between you and me, and between your herdsmen and my herdsmen; for we are relatives.

9 Isn’t the whole land before you? Please separate yourself from me. If you go to the left hand, then I will go to the right. Or if you go to the right hand, then I will go to the left.”

10 Lot lifted up his eyes, and saw all the plain of the Jordan, that it was well-watered everywhere, before the LORD destroyed Sodom and Gomorrah, like the garden of the LORD, like the land of Egypt, as you go to Zoar.

11 So Lot chose the Plain of the Jordan for himself. Lot travelled east, and they separated themselves from one other.

12 Abram lived in the land of Canaan, and Lot lived in the cities of the plain, and moved his tent as far as Sodom.

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۳: ۸ سے ۱۳: ۱۲

۸۔ تب ابرامؔ نےلُوطؔ سے کہا کہ، ” میرےاورتیرےدرمیان اور میرےچرواہوں اور تیرےچرواہوں کےدرمیان جھگڑا نہ ہُوا کرے کیونکہ بھائی ہیں۔“

۹۔ کیا یہ سارا مُلک تیرے سامنے نہیں؟ سوتُو مجُھ سے الگ ہوجا۔ اگر تُو بائیں جائے تو میں دہنے جاؤنگا اور اگر تُو دہنے جائے تومیں بائیں جاؤنگا۔

۱۰۔ تب لُوطؔ نے آنکھ اُٹھا یردنؔ کی ساری ترائی پر ضُغرؔ کی طرف ہے نظر دوڑائی کیونکہ وہ اِس سے پیشتر کہ خُداوند نے سدومؔ اور عمورہؔ کو تباہ کیا خُداوند کے باغ اور مصرؔ کے مُلک کی مانند خوب سیراب تھی۔

۱۱۔ سو لُوطؔ نے یردنؔ کی ساری ترائی کو اپنے لئے چُن لیا اور مشرق کی طرف چلا اور وہ ایک دُوسرے سے جُدا ہوگئے۔

۱۲۔ ابرامؔ تومُلکِ کنعانؔ میں رہا اور لُوطؔ نے ترائی کے شہروں میں شکونت اختیار کی اور سدومؔ کی طرف اپنا ڈیرا لگایا۔

# BIBLE: Genesis 13:13-18

13 Now the men of Sodom were exceedingly wicked and sinners against the LORD.

14 The LORD said to Abram, after Lot was separated from him, "Now, lift up your eyes, and look from the place where you are, northward and southward and eastward and westward,
15 for I will give all the land which you see to you and to your offspring forever.

16 I will make your offspring as the dust of the earth, so that if a man can count the dust of the earth, then your offspring may also be counted.

17 Arise, walk through the land in its length and in its width; for I will give it to you."

18 Abram moved his tent, and came and lived by the oaks of Mamre, which are in Hebron, and built an altar there to the LORD.

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۳: ۱۳ سے ۱۳: ۱۸

۱۳۔ اورسدومؔ کے لوگ خُداوند کی نظر میں نہایت بدکار اور گنہگار تھے۔

۱۴۔ اورلُوطؔ کے جُدا ہوجانے کے بعد خُداوند نے ابرامؔ سے کہا کہ، " اپنی آنکھ اُٹھا اور جس جگہ تُو ہے وہاں سے شمال اور جنوب اور مشرق اور مغرب کی طرف نظر دَوڑا۔
۱۵۔ کیونکہ یہ تمام مُلک جو تُو دیکھ رہا ہے میں تجھ کو اور تیری نسل کو ہمیشہ کے لئے دُونگا۔''

۱۶۔ اور میں تیری نسل کو خاک کے ذرّوں کی مانند بناؤنگا ایسا کہ اگر کوئی شخص خاک کے ذرّوں کو گن سکے تو تیری نسل بھی گن لی جائیگی۔

۱۷۔ " اُٹھ اور اِس مُلک کے طُول وعرض میں سیر کر کیونکہ کیونکہ میں اِسے تجھ کو دُونگا۔''

۱۸۔ اورابرامؔ نے اپنا ڈیرا اُٹھایا اور ممرےؔ کے بلُوطوں میں جو حبرونؔ ہیں جاکر رہنے لگا اور وہاں خُداوند کے لئے ایک قربان گاہ بنائی۔


مصرؔ کو چھوڑنے کا وقت!


ابرامؑ، ساریؑ، اور لُوطؑ
کا کنعان کو لوٹتے ہیں۔


ہم بہت زیادہ ہیں!


لُوطؑ اور ابرامؑ کے لوگوں میں جھگڑا ہو تا ہے-


اگر تُم اِدھر جاؤ گے تو میں اُدھر جاؤنگا !




ابرامؔ اور ساریؔ سفر کرتے ہیں۔



پیَدایشؔ ۱۴: ۱۔ ۲۴
پیَدایشؔ ۱۴: ۱
اور سنعارؔ کے بادشاہ امرافلؔ اور لاسرؔ کے بادشاہ اریوکؔ اور عیلامؔ کے بادشاہ کدرؔلاعمر اور جوئیمؔ کے بادشاہ تزعالؔ کے ایّام میں۔



پیدایشؔ ۱۴ : ۲
یُوں ہُؤا کہ اُنہوں نے سدومؔ کے بادشاہ برعؔ اور
عمورہؔ کے بادشاہ برشعؔ اور ادمہؔ کے بادشاہ
سنی ابؔ اور ضبونیمؔ کے بادشاہ شمیبرؔاور بالعؔ
(یعنی ضُغرؔ) کے بادشاہ سے جنگ کی۔



یہ سب سندیمؔ (یعنی دریای شور)
کی وادی میں اِکھٹے ہوئے۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۳



پیَدایشؔ ۱۴: ۴
بارہ برس تک وہ کدرلاعمرؔ کے مُطیع رہے
پر تیرھویں برس اُنہوں نے سرکشی کی۔


اور چودھویں برس کِدر لاعمرؔ اور اُس کے ساتھ کے
بادشاہ آئے اور رفائِیمؔ کو عَستاراتؔ قرنیمؔ میں اور
زُوزیوں کو ہامؔ میں اور ایمیمؔ کو سوِی قریتیمؔ میں۔
اور حوریوں کو اُن کے کوہِ شعیرؔ میں مارتے مارتے
ایل فارانؔ تک جو بیابان سے لگا ہُؤا ہے آئے۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۵۔۶



پھر وہ لوٹ کر عینؔ مصفات (یعنی قادسؔ) پہنچے
اور عمالیقیوں کے تمام مُلک کو اور اموریوں کو
جو حصیصون تمرمیں رہتے تھے مارا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۷


تب سدومؔ کا بادشاہ اور عمورہؔ کا بادشاہ اور
ادمہؔ کا بادشاہ اور ضبونیمؔ کا بادشاہ اور
بالعؔ (یعنی ضُغرؔ) کا بادشاہ نکلے اور اُنہوں
نے سّدیمؔ کی وادی میں معرکہ آرائی کی۔
پیدایشؔ ۱۴: ۸


تاکہ عیلامؔ کے بادشاہ کدرلاعمرؔ اور جونیمؔ کے
بادشاہ تدؔعال اور سنعارؔ کے بادشاہ امرافلؔ اور
الاسرؔ کے بادشاہ اریوکؔ سے جنگ کریں۔ یہ
چار بادشاہ اُن پانچوں کے مقابلہ میں تھے۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۹


پیَدایشؔ ۱۴: ۱۰
اور سدّیمؔ کے وادی میں جابجا نفت کے
گڑھے تھے اور سدومؔ اور عمورہؔ کے
بادشاہ بھاگتے وہاں گرے۔


پیَدیاشؔ ۱۴: ۱۰
اور جو بچے پہاڑ پر بھاگ گئے۔


تب وہ سدومؔ اور عمورہؔ کا سب مال
اور وہاں کا سب اناج لیکر چلے گئے۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۱


پیَدایشؔ ۱۴: ۱۲
اور ابرامؔ کے بھتیجے لُوطؔ کو اور اُسکے مال
کو بھی لیگئے کیونکہ وہ سدومؔ میں رہتا تھا۔


پیَدایشؔ ۱۴: ۱۳
تب ایک نے جو بچ گیا تھا جا
کر ابرامؔ عبرانی کو خبر دی۔


جو اِسکالؔ اور عانیرؔ کے بھائی ممرےؔ اموری کے بلُوطوں میں رہتا تھا اور یہ ابرامؔ کے ہم عہد تھے۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۳
ابرامؔ لُوطؔ کو بچاتا ہے!
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۳۔ ۱۶


جب ابرامؔ نے سُنا کہ اُسکا بھائی گرفتار ہُؤا
تو اُس نے اپنے تین سَو اٹھارہ مُشتاق خانہ
زادوں کو لیکر دانؔ تک اُنکا تعاقب کیا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۴


اور رات کو اُس نے اور اُسکے خادموں نے غول غول ہوکر اُن پر دھاوا کیا اور اُنکو مارا اور خوبہؔ تک جو دمشقؔ کے بائیں ہاتھ ہے اُنکا پیچھا کیا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۵


اور وہ سارے مال کو اور اپنے بھائی
لُوطؔ کو اور اُسکے مال اور عورتوں کو
بھی اور اور لوگوں کو واپس پھیر لایا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۶

# BIBLE: Genesis 14:1-7

**14:1** In the days of Amraphel, king of Shinar; Arioch, king of Ellasar; Chedorlaomer, king of Elam; and Tidal, king of Goiim,

2 they made war with Bera, king of Sodom; Birsha, king of Gomorrah; Shinab, king of Admah; Shemeber, king of Zeboiim; and the king of Bela (also called Zoar).

3 All these joined together in the valley
of Siddim (also called the Salt Sea). 4
They served Chedorlaomer for twelve years, and in the thirteenth year they rebelled.

5 In the fourteenth year Chedorlaomer came, and the kings who were with him, and struck the Rephaim in Ashteroth Karnaim, the Zuzim in Ham, the Emim in Shaveh
Kiriathaim, 6 and the Horites in their
Mount Seir, to El Paran, which is by the wilderness.

7 They returned, and came to En Mishpat (also called Kadesh), and struck all the country of the Amalekites, and also the Amorites, that lived in Hazazon Tamar.

**بائبل: پیَدایشؔ ۱۴: ۱ سے ۱۴: ۷**

**۱۴: ۱۔** اور سنعارؔ کے بادشاہ امرافلؔ اور لاسرؔ کے بادشاہ اریوکؔ اور عیلامؔ کے بادشاہ کدرؔلاعمر اور جوئیمؔ کے بادشاہ تزعالؔ کے ایّام میں۔

۲۔ یُوں ہُؤا کہ اُنہوں نے سدومؔ کے بادشاہ برعؔ اور عمورہؔ کے بادشاہ برشعؔ اور ادمہؔ کے بادشاہ سنی ابؔ اور ضبونیمؔ کے بادشاہ شمیبرؔاور بالعؔ (یعنی ضُغرؔ) کے بادشاہ سے جنگ کی۔

۳۔ یہ سب سندیمؔ (یعنی دریای شور) کی وادی
میں اِکھٹے ہوئے۔ ۴۔ بارہ برس تک وہ کدرلاعمرؔ
کے مُطیع رہے پر تیرھویں برس اُنہوں نے سرکشی کی۔

۴۔ اور چودھویں برس کدرلاعمرؔ اور اُسکے ساتھ کے بادشاہ آئے اور رفائیمؔ کو عستاراتؔ قرنیم میں اور زوزیوں کو ہامؔ میں اور ایمیمؔ کو سَوی
قریتیم میں۔۶۔ اورحوریوں کو اُنکے کوہِ شعیرؔ میں مارتے مارتے ایل فارانؔ تک جو بیابان سے لگا ہُؤا ہے آئے۔

۷۔ پھر وہ لوٹ کر عینؔ مصفات (یعنی قادسؔ) پہنچے اور عمالیقیوں کے تمام مُلک کو اور اموریوں کو جو حصیصون تمرمیں رہتے تھے مارا۔

# BIBLE: Genesis 14:8-13

8 The king of Sodom, and the king of Gomorrah, the king of Admah, the king of Zeboiim, and the king of Bela (also called Zoar) went out; and they set the battle in array against them in the valley of Siddim

9 against Chedorlaomer king of Elam, Tidal king of Goiim, Amraphel king of Shinar, and Arioch king of Ellasar; four kings against the five.

10 Now the valley of Siddim was full of tar pits; and the kings of Sodom and Gomorrah fled, and some fell there. Those who remained fled to the hills.

11 They took all the goods of Sodom and Gomorrah, and all their food, and went their way. 12 They took Lot, Abram's brother's son, who lived in Sodom, and his goods, and departed.

13 One who had escaped came and told Abram, the Hebrew. At that time, …he lived by the oaks of Mamre, the Amorite, brother of Eshcol and brother of Aner. They were allies of Abram.

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۴: ۸ سے ۱۴: ۱۳

۸۔ تب سدومؔ کا بادشاہ اور عمورہؔ کا بادشاہ اور ادمہؔ کا بادشاہ اور ضبونیمؔ کا بادشاہ اور بالعؔ (یعنی ضُغرؔ) کا بادشاہ نکلے اور اُنہوں نے سدّیمؔ کی وادی میں معرکہ آرائی کی۔

۹۔ تاکہ عیلامؔ کے بادشاہ کدرلاعمرؔ اور جونیمؔ کے بادشاہ تدؔعالؔ اور سنعارؔ کے بادشاہ امرافلؔ اور الاسرؔ کے بادشاہ اریوکؔ سے جنگ کریں۔ یہ چار بادشاہ اُن پانچوں کے مقابلہ میں تھے۔

۱۰۔ اور سدّیمؔ کے وادی میں جابجا نفت کے گڑھے تھے اور سدومؔ اور عمورہؔ کے بادشاہ بھاگتے بھاگتے وہاں گرے۔ اور جو بچے پہاڑ پر بھاگ گئے۔

۱۱۔ تب وہ سدومؔ اور عمورہؔ کا سب مال اور وہاں کا سب اناج لیکر چلے گئے۔۱۲۔ اور ابرامؔ کے بھتیجے لُوطؔ کو اور اُسکے مال کو بھی لیگئے کیونکہ وہ سدومؔ میں رہتا تھا۔

۱۳۔ تب ایک نے جو بچ گیا تھا جا کر ابرامؔ عبرانی کو خبر دی۔ جو اِسکالؔ اور عانیرؔ کے بھائی ممرےؔ اموری کے بلُوطوں میں رہتا تھا اور یہ ابرامؔ کے ہم عہد تھے۔

# Genesis 14:14-16

14 When Abram heard that his relative was taken captive, he led out his three hundred and eighteen trained men, born in his house, and pursued as far as Dan.

15 He divided himself against them by night, he and his servants, and struck them, and pursued them to Hobah, which is on the left hand of Damascus.

16 He brought back all the goods, and also brought back his relative Lot and his goods, and the women also, and the other people.


# پیَدایشؔ ۱۴: ۱۴ سے ۱۴: ۱۶

۱۴۔ جب ابرامؔ نے سُنا کہ اُسکا بھائی گرفتار ہُؤا تو اُس نے اپنے تین سَو اٹھارہ مُشتاق خانہ زادوں کو لیکر دانؔ تک اُنکا تعاقب کیا۔

۱۵۔ اور رات کو اُس نے اور اُسکے خادموں نے غول غول ہوکر اُن پر دھاوا کیا اور اُنکو مارا اور خوبہؔ تک جو دمشقؔ کے بائیں ہاتھ ہے اُنکا پیچھا کیا۔

۱۶۔ اور وہ سارے مال کو اور اپنے بھائی لُوطؔ کو اور اُسکے مال اور عورتوں کو بھی اور اور لوگوں کو واپس پھیر لایا۔


پانچ بادشاہ جنگ کے لئے اکھٹا ہوئے!


سدومؔ کا بادشاہ باغی ہُؤا!



ہم اپنی آزادی کے لئے جنگ لڑیں گے!


نفت کے گڑھوں پر نظر کرو!



نفت کے گڑھوں سے مجھے نفرت ہے!


لُوطؑ اور اُسکا خاندان جنگ کے
دوران پکڑے گئے...افسوسناک خبر!



ہمیں ابرامَّ کو خبر کرنے کی ضرورت ہے!


ابرامؔ اپنی فوج کو تیار کرتا ہے!



ابرامِّ چپکے سے حملہ کرتا ہے!


ابرامؑ کی فوج جنگ لڑتی ہے!


ابرامَّ لُوطَّ اور اُسکے خاندان کو بچاتا ہے!




مَلکِ صدقؔ بادشاہ سے ملاقات!
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۷۔ ۲۴
پیَدایشؔ ۴: ۱۷
اور جب وہ کدرلاعمرؔ اور اُسکے ساتھ کے بادشاہوں کو مار کر پھرا تو سدومؔ کا بادشاہ اُسکے استقبال کو سَویؔ کی وادی تک جو بادشاہی کی وادی ہے آیا۔


اور مَلکِ صدقؔ سالم کا بادشاہ روٹی اور
مَے لایا اور وہ خُدا تعالےٰ کا کاہن تھا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۱۸۔ ۱۹
اوراُس نے برکت دے کر کہا کہ، ” خُدا تعالےٰ
کی طرف سے جو آسمان اور زمین کا مالک
ہے ابرامؔ مبارک ہو۔“اور مبارک ہے خُدا تعالےٰ
جس نے تیرے دُشمنوں کو تیرے ہاتھ میں کردیا۔



تب ابرامؔ نے سب کا دِسواں حصّہ اُسکو دیا۔
پیَدایشؔ ۱۴: ۲۰


اور سدومؔ کے بادشاہ نے ابرامؔ سے کہا کہ، ” آدمیوں کو مجُھے دیدے اور مال اپنے لئے رکھ لے۔“
پیَدایشؔ ۱۴: ۲۱



پر ابرامؔ نے سدومؔ کے بادشاہ
سے کہا کہ، ” میں نے خُداوند
خُدا تعالےٰ آسمان اور زمین کے
مالک کی قسم کی کھائی ہے۔“
پیَدایشؔ ۱۴: ۲۲۔۲۳
۔۔۔ کہ میں نہ تو کوئی دھاگا نہ جُوتی کا تسمہ نہ
تیری اور کوئی چیز لُوں تاک تُو نہ کہہ سکے
کہ میں نے ابرامؔ کو دولتمند بنا دیا۔“


” سوا اُسکے جو جوانوں نے کھالیا اور اُن آدمیوں
کے حصّے کے جو میرے ساتھ گئے۔ سو عانیرؔ
اور اسکالؔ اور ممرےؔ اپنا اپنا حصّہ لے لیں۔“
پیَدایشؔ ۱۴: ۲۴

## Genesis 14:17-22

17 The king of Sodom went out to meet him after his return from the slaughter of Chedorlaomer and the kings who were with him, at the valley of Shaveh (that is, the King's Valley).

18 Melchizedek king of Salem brought out bread and wine. He was priest of God Most High.

19 He blessed him, and said, "Blessed be Abram of God Most High, possessor of heaven and earth."

20 "Blessed be God Most High, who has delivered your enemies into your hand."

Abram gave him a tenth of all.

21 The king of Sodom said to Abram, "Give me the people, and take the goods for yourself."

22 Abram said to the king of Sodom, "I have lifted up my hand to the LORD, God Most High, possessor of heaven and earth,

## پیدایشؔ ۱۴: ۷ سے ۱۴: ۲۲

۱۷۔ اور جب وہ کدرلاعمرؔ اور اُسکے ساتھ
کے بادشاہوں کو مار کر پھرا تو سدومؔ کا
بادشاہ اُسکے استقبال کو سَویؔ کی وادی تک
جو بادشاہی کی وادی ہے آیا۔

۱۸۔ اور مَلکِ صدقؔ سالم کا بادشاہ روٹی
اور مَے لایا اور وہ خُدا تعالٰے کا کاہن تھا۔

۱۹۔ اوراُس نے برکت دے کر کہا کہ، ”
خُدا تعالٰے کی طرف سے جو آسمان اور
زمین کا مالک ہے ابرامؔ مبارک ہو۔“

۲۰۔ اور مبارک ہے خُدا تعالٰے جس نے
تیرے دُشمنوں کو تیرے ہاتھ میں کردیا۔ تب
ابرامؔ نے سب کا دِسواں حصّہ اُسکو دیا۔

۲۱۔ اور سدومؔ کے بادشاہ نے ابرامؔ سے کہا
کہ، ” آدمیوں کو مجُھے دیدے اور مال اپنے
لئے رکھ لے۔“

۲۲۔ پر ابرامؔ نے سدومؔ کے بادشاہ سے کہا
کہ، ” میں نے خُداوند خُدا تعالٰے آسمان اور
زمین کے مالک کی قسم کی کھائی ہے۔“

# Genesis 14:23-24

23 that I will not take a thread nor a sandal strap nor anything that is yours, lest you should say, ‘I have made Abram rich.’

24 I will accept nothing from you except that which the young men have eaten, and the portion of the men who went with me: Aner, Eshcol, and Mamre. Let them take their portion.”

# پیَدایشؔ ۱۴: ۲۳ سے ۱۴: ۲۴

۲۳۔ کہ میں نہ تو کوئی دھاگا نہ جُوتی کا تسمہ نہ تیری اور کوئی چیز لُوں تاک تُو نہ کہہ سکے کہ میں نے ابرامؔ کو دولتمند بنا دیا۔‘‘


۲۴۔ ” سوا اُسکے جو جوانوں نے کھالیا اور اُن آدمیوں کے حصّے کے جو میرے ساتھ گئے۔ سو عانیرؔ اور اسکالؔ اور ممرےؔ اپنا اپنا حصّہ لے لیں۔‘‘


ابرامؐ کی ملاقت مَلکِ صدقؐ
بادشاہ سے ہوتی ہے!


بادشاہ ابرامؑ کو برکت دیتا ہے۔


”میں تُم سے پیسہ نہیں لینا چاہتا ہوں۔“



مَلکِ صدقؑ بادشاہ یسُوعؑ بادشاہ کی یاد دلاتا ہے!


پیَدایشؔ ۱۵: ۱۔۲۱
پیَدایشؔ ۱۵: ۱
اِن باتوں کے بعد خُداوند کا کلام رویا میں ابرامؔ پر نازل ہُؤا اور اُس نے فرمایا، ” اَے ابرامؔ تُو مت ڈر ۔ میں تیری سپر اور تیرا بہت بڑا اجر ہُوں۔“


پیَدایشؔ ۱۵: ۲
ابرامؔ نے کہا، ” اَے خُداوند خُدا تُو مجُھے کیا
دیگا؟ کیونکہ میں تو بے اَولاد جاتا ہُوں اور
میرے گھر کا مُختار دمشقی الیعزرؔ ہے-“


پھر ابرامؔ نے کہا، ” دیکھ تُونے
مجُھے کوئی اَولاد نہیں دی اور دیکھ
میرا خانہ زاد میرا وارث ہوگا۔“
پیَدایشؔ ۱۵ : ۳


پیَدایشؔ ۱۵ : ۴
تب خُداوند کا کلام اُس پر نازل ہُؤا اور اُس نے فرمایا، ” یہ تیرا وارث نہ ہوگا بلکہ وہ جو تیرے صُلب سے پیدا ہوگا وُہی تیرا وارث ہوگا۔“


اور وہ اُسکو باہر لے گیا اور کہا کہ، ”
اب آسمان کی طرف نگِاہ کر اور اگر تُو
ستاروں کو گِن سکتا ہے تو گِن اور اُس
سے کہا کہ تیری اَولاد ایسی ہی ہوگی۔“
پیَدایشؔ ۱۵: ۵


پیَدایشؔ ۱۵: ۶
اور وہ خُداوند پر ایمان لایا اور اِسے اُس نے اُسکے حق میں راستبازی شمار کیا۔



پیَدایشؔ ۱۵ : ۷
اور اُس نے اُس سے کہا کہ، ” میَں خُداوند
ہُوں جو تجھے کسدیوں کے اُورؔ نکال لایا
کہ تجکھو یہ مُلک میراث میں دُوں۔‘‘


اور اُس نے کہا، ”
اَے خُداوند خُدا! میں
کیونکر جانوں کہ میں
اُسکا وارث ہونگا۔“
پیَدایشؔ ۱۵: ۸


اُس نے اُس سے کہا کہ، ” میرے لئے تین برس کی ایک بھچیا اور تین برس کی ایک بکری اور تین برس کا ایک مینڑھا اور ایک قُمری اور ایک کبُوتر کا بچّہ لے۔“
پیَدایشؔ ۱۵: ۹


اُس نے اُن سبھوں کو لیا اور
اُنکو بیچ سے دو ٹکڑے کیا
اور ہر ٹکڑے کو اُسکے
ساتھ کے دُوسرے ٹکڑے
کے مقابل رکھّا مگر پرندوں
کے ٹکڑے نہ کئے۔
پیَدایشؔ ۱۵: ۱۰۔۱۱
تب شکاری پرندے اُن
ٹکڑوں پر جھپٹنے لگے پر
ابرامؔ اُنکو ہنکاتا رہا۔



سُورج ڈوبتے وقت ابرامؔ پر گہری نیند غالب ہوئی۔
پیَدایشؔ ۱۵: ۱۲
اور دیکھو ایک بڑی ہولناک تاریکی اُس پر چھا گئی۔


اور اُس نے ابرامؔ سے کہا، " یقین جان کہ تیری نسل
کے لوگ اَیسے مُلک میں جو اُنکا نہیں پردیسی ہونگے
اور وہاں کے لوگوں کی غلامی کرینگے اور وہ چار
سَو برس تک اُنکو دُکھ دینگے۔"
پیَدایشؔ ۱۵: ۱۳



پیَدایشؔ ۱۵: ۱۴
” لیکن میں اُس قوم کی عدالت کرونگا
جسکی وہ غلامی کرینگے اور بعد میں وہ
بڑی دولت لیکر وہاں سے نکل آئینگے۔“


پیَدایشؔ ۱۵: ۱۵
” اور تُو صحیح سلامت اپنے باپ دادا سے
جا ملیگا اور نہایت پیری میں دفن ہوگا۔“


" اور وہ چوتھی پُشت میں یہاں لوَٹ آئینگے کیونکہ
اموریوں کے گناہ اب تک پُورے نہیں ہُوئے۔''
پیَدایشؔ ۱۵: ۱۶


پیَدایشؔ ۱۵: ۱۷
اور جب سُورج ڈُوبا اور اندھیرا چھا گیا
تو ایک تنُور جس میں سے دُھواں اُٹھتا
تھا دِکھائی دیا اور ایک جلتی مشعل اُن
ٹکڑوں کے بیچ میں سے ہوکر گزری۔


پیَدایشؔ ۱۵: ۱۸
اُسی روز خُداوند نے
ابرامؔ سے عہد کیا اور
فرمایا کہ، ” یہ مُلک
دریایِ مصرؔ سے لیکر
اُس بڑے دریا یعنی
دریایِ فراتؔ تک۔


پیَدایشؔ ۱۵: ۱۹۔۲۱
” قینیوں اور قنیریوں اور قدمُونیوں۔ اور حتّیوں اور فرزّیوں اور رفائیم۔ اور اموریوں اور کنعاینوں اور جرجاسیوں اور یبوسیوں سمیت میں نے تیری اَولاد کو دیا ہے۔“

# BIBLE: Genesis 15:1-6

**15:1** After these things the LORD's word came to Abram in a vision, saying, "Don't be afraid, Abram. I am your shield, your exceedingly great reward."

2 Abram said, "Lord GOD, what will you give me, since I go childless, and he who will inherit my estate is Eliezer of Damascus?"

3 Abram said, "Behold, you have given no children to me: and, behold, one born in my house is my heir."

4 Behold, the LORD's word came to him, saying, "This man will not be your heir, but he who will come out of your own body will be your heir."

5 The LORD brought him outside, and said, "Look now towards the sky, and count the stars, if you are able to count them." He said to Abram, "So your offspring will be."

6 He believed in the LORD, who credited it to him for righteousness.

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۵: ۱ سے ۱۵: ۶

۱۵: ۱۔ اِن باتوں کے بعد خُداوند کا کلام رویا میں ابرامؔ پر نازل ہُؤا اور اُس نے فرمایا، " اَے ابرامؔ تُو مت ڈر ۔ میں تیری سپر اور تیرا بہت بڑا اجر ہُوں۔"

۲۔ ابرامؔ نے کہا، " اَے خُداوند خُدا تُو مجُھے کیا دیگا؟ کیونکہ میں تو بے اَولاد جاتا ہُوں اور میرے گھر کا مُختار دمشقی الیعزرؔ ہے۔"

۳۔ پھر ابرامؔ نے کہا، " دیکھ تُونے مجُھے کوئی اَولاد نہیں دی اور دیکھ میرا خانہ زاد میرا وارث ہوگا۔"

۴۔ تب خُداوند کا کلام اُس پر نازل ہُؤا اور اُس نے فرمایا، " یہ تیرا وارث نہ ہوگا بلکہ وہ جو تیرے صُلب سے پیدا ہوگا وُہی تیرا وارث ہوگا۔"

۵۔ اور وہ اُسکو باہر لے گیا اور کہا کہ، " اب آسمان کی طرف نگِاہ کر اور اگر تُو ستاروں کو گِن سکتا ہے تو گِن اور اُس سے کہا کہ تیری اَولاد ایسی ہی ہوگی۔"

۶۔ اور وہ خُداوند پر ایمان لایا اور اِسے اُس نے اُسکے حق میں راستبازی شمار کیا۔

# BIBLE: Genesis 15:7-13

7 He said to Abram, "I am the LORD who brought you out of Ur of the Chaldees, to give you this land to inherit it."

8 He said, "Lord GOD, how will I know that I will inherit it?"

9 He said to him, "Bring me a heifer three years old, a female goat three years old, a ram three years old, a turtledove, and a young pigeon."

10 He brought him all these, and divided them in the middle, and laid each half opposite the other; but he didn't divide the birds.

11 The birds of prey came down on the carcasses, and Abram drove them away.

12 When the sun was going down, a deep sleep fell on Abram. Now terror and great darkness fell on him.

13 He said to Abram, "Know for sure that your offspring will live as foreigners in a land that is not theirs, and will serve them. They will afflict them four hundred years.

**بائبل: پیَدایشؔ ۱۵: ۷ سے ۱۵: ۱۳**

۷۔ اور اُس نے اُس سے کہا کہ، " میَں خُداوند ہُوں جو تجھے کسدیوں کے اُورؔ نکال لایا کہ تجکھو یہ مُلک میراث میں دُوں۔"

۸۔ اور اُس نے کہا، " اَے خُداوند خُدا! میں کیونکر جانوں کہ میں اُسکا وارث ہونگا۔"

۹۔ اُس نے اُس سے کہا کہ، " میرے لئے تین برس کی ایک بھچیا اور تین برس کی ایک بکری اور تین برس کا ایک مینڑھا اور ایک قُمری اور ایک کبُوتر کا بچّہ لے۔"

۱۰۔ اُس نے اُن سبھوں کو لیا اور اُنکو بیچ سے دو ٹکڑے کیا اور ہر ٹکڑے کو اُسکے ساتھ کے دُوسرے ٹکڑے کے مقابل رکھّا مگر پرندوں کے ٹکڑے نہ کئے۔

۱۱۔ تب شکاری پرندے اُن ٹکڑوں پر جھپٹنے لگے پر ابرامؔ اُنکو ہنکاتا رہا۔

۱۲۔ سُورج ڈوبتے وقت ابرامؔ پر گہری نیند غالب ہوئی۔ اور دیکھو ایک بڑی ہولناک تاریکی اُس پر چھا گئی۔

۱۳۔ اور اُس نے ابرامؔ سے کہا، " یقین جان کہ تیری نسل کے لوگ ایسے مُلک میں جو اُنکا نہیں پردیسی ہونگے اور وہاں کے لوگوں کی غلامی کرینگے اور وہ چار سَو برس تک اُنکو دُکھ دینگے۔"

# Genesis 15:14-21

14 I will also judge that nation, whom they will serve. Afterward they will come out with great wealth;

15 but you will go to your fathers in peace. You will be buried at a good old age. 16 In the fourth generation they will come here again, for the iniquity of the Amorite is not yet full."

17 It came to pass that, when the sun went down, and it was dark, behold, a smoking furnace and a flaming torch passed between these pieces.

18 In that day the LORD made a covenant with Abram, saying, "I have given this land to your offspring, from the river of Egypt to the great river, the river Euphrates:

19 the land of the Kenites, the Kenizzites, the Kadmonites, 20 the Hittites, the Perizzites, the Rephaim,

21 the Amorites, the Canaanites, the Girgashites, and the Jebusites."

# پیَدایشؔ ۱۵: ۱۴ سے ۱۵: ۲۱

۱۴۔ " لیکن میں اُس قوم کی عدالت کرونگا جسکی وہ غلامی کرینگے اور بعد میں وہ بڑی دولت لیکر وہاں سے نکل آئینگے۔''

۱۵۔ " اور تُو صحیح سلامت اپنے باپ دادا سے جا ملیگا اور نہایت پیری میں دفن ہوگا۔''

۱۶۔ " اور وہ چوتھی پُشت میں یہاں لوَٹ آئینگے کیونکہ اموریوں کے گناہ اب تک پُورے نہیں ہُوئے۔''

۱۷۔ اور جب سُورج ڈُوبا اور اندھیرا چھا گیا تو ایک تنُور جس میں سے دُھواں اُٹھتا تھا دِکھائی دیا اور ایک جلتی مشعل اُن ٹکڑوں کے بیچ میں سے ہوکر گزری۔

۱۸۔ اُسی روز خُداوند نے ابرامؔ سے عہد کیا اور فرمایا کہ، " یہ مُلک دریایِ مصرؔ سے لیکر اُس بڑے دریا یعنی دریایِ فراتؔ تک۔

۱۹۔ " قینیوں اور قنیریوں اور قدمُونیوں۔۲۰ اور حتّیوں اور فرزّیوں اور رفائیم۔

۲۱۔ اور اموریوں اور کنعانیوں اور جرجاسیوں اور یبوسیوں سمیت میں نے تیری اَولاد کو دیا ہے۔''


خُدا نے کہا، ’’خوف نہ کھا۔‘‘


” لیکن خُدا، میں تو بے اَولاد ہوں۔“


ابرامؔ خُداوند پر ایمان لایا، وہ
اُسکے حق میں راستبازی شمار کیا۔


خُدا ابرامؑ کو آگاہ کرتا ہے کہ اُسکے خاندان کے لئے مشکل وقت آرہا ہے۔



خُدا عہد کرتا ہے کہ چار
سَو برس کے بعد اُس کے
خاندان کو آزاد کرے گا۔


خُدا ابرامؔ سے عہد کرتا ہے کہ ایک دن
اُسکا خاندان اِس مُلک میں لوَٹ کر آئیگا۔


پیَدایشؔ ۱۶: ۱۔۱۶
پیَدایشؔ ۱۶: ۱
اور ابرامؔ کی بیوی ساریؔ
کے کوئی اَولاد نہ ہُوئی۔


پیَدایشؔ ۱۶ : ۲
اُسکی ایک مصری لَونڈی تھی جسکا
نام ہاجرہؔ تھا۔ اور ساریؔ نے ابرامؔ سے
کہا کہ، " دیکھ خُداوند نے مجھے تو
اَولاد سے محروم رکھا ہے۔"


پیَدایشؔ ۱۶ : ۲
” سو تُو میری لَونڈی کے پاس جا
شاید اُس سے میرا گھر آباد ہو۔“


اور ابرامؔ نے ساریؔ کی بات مانی۔
پیَدایشؔ ۱۶ : ۲


پیَدایشؔ ۱۶: ۳
اور ابرامؔ کو مُلکِ کنعان میں رہتے دس برس
ہوگئے تھے جب اُسکی بیوی ساریؔ نے اپنی
مصری لَونڈی اُسے دی کہ اُسکی بیوی بنے۔


اور وہ ہاجرہؔ کے پاس گیا اور حامِلہ ہوئی۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۴
ساریؔ شادی کے
بندھن میں ہاجرہؔ کو
باندھ دیتی ہے ☹


اور جب اُسے معلوم ہُؤا کہ وہ حامِلہ ہوگئی تو اپنی بی بی کو حقیر جاننے لگی۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۴


تب ساریؔ نے ابرامؔ سے کہا کہ، ” جو
ظُلم مجھ پر ہُؤا وہ تیری گردن پر ہے۔
میں نے اپنی لَونڈی تیرے آغوش میں دی
اور اب جو اُس نے آپ کو حامِلہ دیکھا
تو میں اُسکی نظروں میں حقیر ہوگئی۔“
” سو خُداوند میرے اور تیرے
درمیان اِنصاف کرے۔“
پیَدایشؔ ۱۶: ۵


ابرامؔ نے ساریؔ سے کہا کہ، ” تیری
لَونڈی تیرے ہاتھ میں ہے جو تجھے
بھلا دکھائی دے سو اُسکے ساتھ کر۔“
پیَدایشؔ ۱۶: ۶


پیَدایشؔ ۱۶: ۶
تب ساریؔ اُس پر سختی کرنے لگی
اور وہ اُسکے پاس سے بھاگ گئی۔


پیَدایشؔ ۱۶: ۷
اور وہ خُداوند کے فرشتہ کو بیابان میں پانی کے ایک چشمہ کے پاس ملی۔ یہ وُہی چشمہ ہے جو شورؔ کی راہ پر ہے۔


پیَدایشؔ ۱۶ : ۸
اور اُس نے کہا، ” اَے ساریؔ
کی لَونڈی ہاجرہؔ تُو کہاں سے
آئی اور کدھر جاتی ہے؟“


پیَدایشؔ ۱۶: ۸
اُس نے کہا کہ، ”میں اپنی بی بی
ساریؔ کے پاس سے بھاگ آئی ہُوں۔“


خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ،
” تُو اپنی بی بی کے پاس لوَٹ جا اور
اپنے کو اُسکے قبضہ میں کردے۔‘‘
پیَدایشؔ ۱۶: ۹


اور خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ میں
تیری اَولاد کو بہت بڑھاؤنگا یہاں تک کہ کثرت
کے سبب سے اُسکا شمار نہ ہوسکے گا۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۱۰


اور خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا
کہ، ” تُو حامِلہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا۔“
پیَدایشؔ ۱۶ : ۱۱


پیَدایشؔ ۱۶: ۱۱
” اُس کا نام اِسمٰعیلؔ رکھنا اِسلئے
کہ خُداوند نے تیرا دُکھ سُن لیا۔“



” وہ گورخر کی طرح آزاد مرد ہوگا۔
اُسکا ہاتھ سب کے خلاف اور سب کے
ہاتھ اُسکے خلاف ہونگے اور وہ اپنے
سب بھائیوں کے سامنے بسا رہیگا۔“
پیَدایشؔ ۱۶: ۱۲


پیَدایشؔ ۱۶ : ۱۳
اور ہاجرہؔ نے خُداوند کا جس نے اُس سے باتیں
کیں، ” اتا ایلؔ روئی نام رکھّا یعنی اَے خُدا تُو
بصیر ہے کیونکہ اُس نے کہا کیا میں نے یہاں
بھی اپنے دیکھنے والے کو جاتے ہوئے دیکھا؟“


اِسی سبب سے اُس کُوئیں کا نام بیرلحیؔ روئی پڑ گیا۔ وہ قادِسؔ اور بردؔ کے درمیان ہے۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۱۴


اور ابرامؔ سے ہاجرہؔ کے ایک بیٹا ہُؤا اور ابرامؔ نے اپنے اُس بیٹے کا نام جو ہاجرہؔ سے پیدا ہُؤا اِسمٰعِیلؔ رکھّا۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۱۵


اور جب ابرامؔ سے ہاجرہؔ کے اِسمٰعیلؔ
پیدا ہُؤا تب ابرامؔ چھیاسی برس کا تھا۔
پیَدایشؔ ۱۶: ۱۶

# BIBLE: *Genesis* 16:1-16

**16:1** Now Sarai, Abram's wife, bore him no children. She had a servant, an Egyptian, whose name was Hagar.

2 Sarai said to Abram, "See now, the LORD has restrained me from bearing. Please go in to my servant. It may be that I will obtain children by her." Abram listened to the voice of Sarai.

3 Sarai, Abram's wife, took Hagar the Egyptian, her servant, after Abram had lived ten years in the land of Canaan, and gave her to Abram her husband to be his wife.

4 He went in to Hagar, and she conceived. When she saw that she had conceived, her mistress was despised in her eyes.

5 Sarai said to Abram, "This wrong is your fault. I gave my servant into your bosom, and when she saw that she had conceived, she despised me. May The LORD judge between me and you."

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۶: ۱ سے ۱۶: ۵

**۱۶: ۱۔** اور ابرامؔ کی بیوی ساریؔ کے کوئی اَولاد نہ ہُوئی۔ اُسکی ایک مصری لَونڈی تھی جسکا نام ہاجرہؔ تھا۔

۲۔ اور ساریؔ نے ابرامؔ سے کہا کہ، ” دیکھ خُداوند نے مجھے تو اَولاد سے محروم رکھا ہے۔ سو تُو میری لَونڈی کے پاس جا شاید اُس سے میرا گھر آباد ہو۔“اور ابرامؔ نے ساریؔ کی بات مانی۔

۳۔ اور ابرامؔ کو مُلکِ کنعان میں رہتے دس برس ہوگئے تھے جب اُسکی بیوی ساریؔ نے اپنی مصری لَونڈی اُسے دی کہ اُسکی بیوی بنے۔

۴۔ اور وہ ہاجرہؔ کے پاس گیا اور حامِلہ ہوئی۔ اور جب اُسے معلوم ہُؤا کہ وہ حامِلہ ہوگئی تو اپنی بی بی کو حقیر جاننے لگی۔

۵۔ تب ساریؔ نے ابرامؔ سے کہا کہ، ” جو ظُلم مجھ پر ہُؤا وہ تیری گردن پر ہے۔ میں نے اپنی لَونڈی تیرے آغوش میں دی اور اب جو اُس نے آپ کو حامِلہ دیکھا تو میں اُسکی نظروں میں حقیر ہوگئی۔ سو خُداوند میرے اور تیرے درمیان اِنصاف کرے۔“

# BIBLE: Genesis 16:6-11

6 But Abram said to Sarai, "Behold, your maid is in your hand. Do to her whatever is good in your eyes." Sarai dealt harshly with her, and she fled from her face.

7 The LORD's angel found her by a fountain of water in the wilderness, by
the fountain on the way to Shur. 8 He
said, "Hagar, Sarai's servant, where did you come from? Where are you going?"

She said, "I am fleeing from the face of my mistress Sarai."

9 The LORD's angel said to her, "Return to your mistress, and submit yourself under her hands."

10 The LORD's angel said to her, "I will greatly multiply your offspring, that they will not be counted for multitude."

11 The LORD's angel said to her, "Behold, you are with child, and will bear a son. You shall call his name Ishmael, because the LORD has heard your affliction.

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۶: ۶ سے ۱۶: ۱۱

۶۔ ابرامؔ نے ساریؔ سے کہا کہ، " تیری لَونڈی تیرے ہاتھ میں ہے جو تجھے بھلا دکھائی دے سو اُسکے ساتھ کر۔"تب ساریؔ اُس پر سختی کرنے لگی اور وہ اُسکے پاس سے بھاگ گئی۔

۷۔ اور وہ خُداوند کے فرشتہ کو بیابان میں پانی کے ایک چشمہ کے پاس ملی۔ یہ وُہی چشمہ ہے
جو شورؔ کی راہ پر ہے۔ ۸۔ اور اُس نے کہا، " اَے
ساریؔ کی لَونڈی ہاجرہؔ تُو کہاں سے آئی اور کدھر جاتی ہے؟" اُس نے کہا کہ، "میں اپنی بی بی ساریؔ کے پاس سے بھاگ آئی ہُوں۔"

۹۔ خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ، " تُو اپنی بی بی کے پاس لوَٹ جا اور اپنے کو اُسکے قبضہ میں کردے۔"

۱۰۔ اور خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ میں تیری اَولاد کو بہت بڑھاؤنگا یہاں تک کہ کثرت کے سبب سے اُسکا شمار نہ ہوسکے گا۔

۱۱۔ اور خُداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ، " تُو حامِلہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُس کا نام اِسمعٰیلؔ رکھنا اِسلئے کہ خُداوند نے تیرا دُکھ سُن لیا۔"

**Genesis 16:12-16** 12 He will be like a wild donkey amongst men. His hand will be against every man, and every man's hand against him. He will live opposed to all of his brothers."

13 She called the name of the LORD who spoke to her, "You are a God who sees," for she said, "Have I even stayed alive after seeing him?"

14 Therefore the well was called Beer Lahai Roi. Behold, it is between Kadesh and Bered.

15 Hagar bore a son for Abram. Abram called the name of his son, whom Hagar bore, Ishmael.

16 Abram was eighty-six years old when Hagar bore Ishmael to Abram.

**پیَدایش: ۱۶: ۱۲ سے ۱۶: ۱۶**

۱۲۔ ” وہ گورخر کی طرح آزاد مرد ہوگا۔
اُسکا ہاتھ سب کے خلاف اور سب کے ہاتھ اُسکے خلاف ہونگے اور وہ اپنے سب بھائیوں کے سامنے بسا رہیگا۔“

۱۳۔ اور ہاجرہؔ نے خُداوند کا جس نے اُس سے باتیں کیں، ” اتا ایلؔ روئی نام رکھّا یعنی اَے خُدا تُو بصیر ہے کیونکہ اُس نے کہا کیا میں نے یہاں بھی اپنے دیکھنے والے کو جاتے ہوئے دیکھا؟“

۱۴۔ اِسی سبب سے اُس کُوئیں کا نام بیرلحیؔ روئی پڑ گیا۔ وہ قادِسؔ اور بردؔ کے درمیان ہے۔

۱۵۔ اور ابرامؔ سے ہاجرہؔ کے ایک بیٹا ہُؤا اور ابرامؔ نے اپنے اُس بیٹے کا نام جو ہاجرہؔ سے پیدا ہُؤا اِسمٰعیلؔ رکھّا۔

۱۶۔ اور جب ابرامؔ سے ہاجرہؔ کے اِسمٰعیلؔ پیدا ہُؤا تب ابرامؔ چھیاسی برس کا تھا۔


ساریَّ چاہتی تھی کہ ابرامَّ
سے لَونڈی اَولاد پیدا کرے۔


ساریؔ ابرامؔ سے کہتی ہے کہ اُسکی لَونڈی
سے شادی کرے تاکہ اَولاد پیدا ہوسکے۔


ہاجرہؑ حامِلہ ہوتی ہے، لیکن اب وہ مزید سارہؑ
کی لَونڈی بن کر کام کرنا نہیں چاہتی ہے۔


ساریؔ اور ہاجرہؔ کے درمیان لڑائی ہوئی،
اور ہاجرہؔ گھر سے بھاگ جاتی ہے۔


ہاجرہؓ گھر سے بھاگتی ہے اور
کُنوئیں کے پاس رک جاتی ہے۔



خُداوند کا فرشتہ پوچھتا ہے
کہ، ” ہاجرہؔ مسئلہ کیا ہے؟“


ساریؔ مجھ سے ناراض ہے اور
مجھے معلوم نہیں کہ کیا کروں!“


خُداوند کا فرشتہ ہاجرہؔ سے
کہتا ہے کہ واپس گھر لَوٹ جا۔
”خُدا کے پاس تمہارے بچّے اور
تمہارے لئے بڑا منصوبہ ہے!“


ہاجرہؑ گھر لَوٹ آئی اوراُس کے ہاں لڑکا
پیدا ہوتا ہے جس کا نام اسمٰعیلؑ رکھا گیا۔


ابرامؔ چھیاسی برس کا ہے۔
خُدا فرماتا ہے کہ ابرامؔ میرے پاس تیرے لئے بڑا منصوبہ ہے!



جب ابرامؔ ننانوے برس کا ہُؤا تب خُداوند ابرامؔ کو نظر آیا اور اُس سے کہا کہ، ” میَں خُدایِ قادر ہُوں۔ تُو میرے حضور میں چل اور کامل ہو۔“
پیَدایشؔ ۱۷: ۱
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۔۲۷


” اور میَں اپنے اور تیرے درمیان عہد
باندھُونگا اور تجھے بہت زیادہ بڑھاؤنگا۔“
پیَدایشؔ ۱۷ : ۲



تب ابرامؔ سرنگوں ہوگیا اور خُدا نے اُس سے ہمکلام
ہو کر فرمایا۔ ” کہ دیکھ میرا عہد تیرے ساتھ ہے۔“
پیَدایشؔ ۱۷: ۳۔۴


پیَدایشؔ ۱۷: ۵
اور تُو بہت قوموں کا باپ ہوگا۔ اور تیرا نام پھر
ابرامؔ نہیں کہلائیگا بلکہ تیرا نام ابرہامؔ ہوگا کیونکہ
میَں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرا دیا ہے۔


پیَدایشؔ ۱۷: ۶
” اور میَں تجھے بہت برومند کرونگا اور قومیں تیری نسل
سے ہونگی اور بادشاہ تیری اَولاد میں سے برپا ہونگے۔“


” اور میَں اپنے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل۔۔۔
پیَدایشؔ ۱۷ : ۷
۔۔۔ کے درمیان اُنکی سب پُشتوں کے لئے اپنا
عہد جو ابدی عہد ہوگا باندھُونگا تاکہ میَں
تیرا اور تیرے بعد تیری نسل کا خُدا رہُوں۔“



پیَدایشؔ ۱۷ : ۸
” اور میَں تجھ کو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعانؔ
کا تمام مُلک جس میں تُو پردیسی ہے اَیسا دُونگا کہ وہ
دائمی ملکیت ہوجائے۔ اور میَں اُنکا خُدا ہُونگا۔“



پھر خُدا نے ابرہامؔ سے کہا کہ، ” تُو میرے عہد کو ماننا
اور تیرے بعد تیری نسل پُشت در پُشت اُسے مانے۔“

پیَدایشؔ ۱۷: ۹


” اور میرا عہد جو میرے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد
تیری نسل کے درمیان ہے اور جسے تم مانو گے سو یہ
ہے کہ تُم میں سے ہر ایک فرزندِ نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔‘‘
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۰


” اور تم اپنے بدن کی کھلڑی کا ختنہ کیا کرنا۔ اور یہ
اُس عہد کا نشان ہوگا جو میرے اور تمہارے درمیان ہے۔
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۱۔۱۲
تمہارے درمیان پُشت در پُشت ہر لڑکے کا ختنہ جب وہ آٹھ
روز کا ہو کیا جائے۔ خواہ وہ گھر میں پیدا ہو خواہ اُسے
کسی پردیسی سے خریدا ہو جو تیری نسل سے نہیں۔“


پیَدایشؔ ۱۷ : ۱۳
” لازم ہے کہ تیرے خانہ زاد اور تیرے زر خرید کا ختنہ
کیا جائے اور میرا عہد تمہارے جسم میں ابدی عہد ہوگا۔“


” اور وہ فرزندِ نرینہ جسکا ختنہ نہ ہُؤا ہو اپنے لوگوں
میں کاٹ ڈالا جائے کیونکہ اُس نے میرا عہد توڑا۔“
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۴


اور خُدا نے ابرہامؔ سے کہا کہ، ” ساریؔ جو تیری بیوی ہے سو اُسکو ساری نہ پُکارنا۔ اُسکا نام سارہؔ ہوگا۔ “
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۵


پیَدایشؔ ۱۷: ۱۶
” اور مَیں اُسے برکت دُونگا اور اُس سے بھی تجھے ایک
بیٹا بخشونگا۔ یقیناً میَں اُسے برکت دونگا کہ قومیں اُسکی نسل
سے ہونگی اور عالم کے بادشاہ اُس سے پیدا ہونگے۔‘‘


خُداوند ابرامؔ پر ظاہر ہُؤا۔



خُدا کہتا ہے، ” تمہارا نام ابرہامؔ ہوگا۔“


وہ مجُھے ہنساتا ہے!
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۷۔۲۷
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۷
تب ابرہامؔ سرنگوں ہُؤا اور ہنس کر دِل میں کہنے لگا
کہ، ” کیا سَو برس کے بُڈھے سے کوئی بچّہ ہوگا۔


پیَدایشؔ ۱۷ : ۱۸
اور کیا سارہؔ کے جو نوّے برس کی ہے اَولاد
ہوگی؟‘‘ اور ابرہامؔ نے خُدا سے کہا کہ، ”
کاش اِسمٰعیلؔ ہی تیرے حضور جیتا رہے۔‘‘


تب خُدا نے فرمایا کہ، " بیشک تیری بیوی سارہؔ کے
تجھ سے بیٹا ہوگا۔ تُو اُسکا نام اِضحاقؔ رکھنا۔
پیَدایشؔ ۱۷: ۱۹



پیَدایشؔ ۱۷: ۱۹

” اور میَں اُس سے اور پھر اُسکی اولاد
سے اپنا عہد جو ابدی عہد ہے باندھُونگا۔“


” اور اسمٰعیلؑ کے حق میں مَیں نے تیری دُعا
سُنی۔ دیکھ مَیں اُسے برکت دُونگا اور اُسے
برومند کرونگا اور اُسے بہت بڑھاؤنگا۔“
پیَدایشؑ ۱۷: ۲۰


پیَدایشؔ ۱۷ : ۲۰
" اور اُس سے بارہ سردار پیدا ہونگے
اور میَں اُسے بڑی قوم بناؤنگا۔"


” لیکن میَں اپنا عہد اِضحاقؔ سے باندھُونگا جو
اِگلے سال اِسی وقتِ مُعیّن پر سارہ سے پیدا ہوگا۔“
پیَدایشؔ ۱۷ : ۲۱


پیَدایشؔ ۱۷ : ۲۲
اور جب خُدا ابرہامؔ سے باتیں کرچُکا
تو اُسکے پاس سے اُوپر چلا گیا۔


تب ابرہامؑ نے اپنے بیٹے اسمٰعیلؑ کو اور سب
خانہ زادوں اور اپنے سب زر خریدوں کو،
پیَدایشؔ ۱۷: ۲۳


یعنی اپنے گھر کے سب مردوں کو لیا اور اُسی روز خُدا کے حُکم کے مُطابق اُنکا ختنہ کیا۔
پیَدایشؔ ۱۷: ۲۳


ابرہامؔ ننّانوے برس کا تھا جب اُسکا ختنہ ہُؤا۔
پیَدایشؔ ۱۷: ۲۴


اور جب اُسکے بیٹے اِسمٰعیلؔ کا
ختنہ ہُؤا تو وہ تیرہ برس کا تھا۔
پیَدایشؔ ۱۷ : ۲۵


پیَدایشؔ ۱۷ : ۲۶
ابرہامؔ اور اُسکے بیٹے اِسمٰعیلؔ
کا ختنہ ایک ہی دِن ہُؤا۔


اور اُسکے گھر کے سب مردوں کا ختنہ خانہ زادوں اور اُنکا
بھی جو پردیسوں سے خریدے گئے تھے اُسکے ساتھ ہُؤا۔
پیَدایش ۱۷: ۲۷

# BIBLE: Genesis 17:1-7

**17:1** When Abram was ninety-nine
years old, the LORD appeared to Abram
and said to him, "I am God Almighty.
Walk before me and be blameless."

2 "I will make my covenant between
me and you, and will multiply you
exceedingly."

3 Abram fell on his face. God talked
with him, saying, 4 "As for me, behold,
my covenant is with you. You will be the
father of a multitude of nations.

5 Your name will no more be called
Abram, but your name will be Abraham;
for I have made you the father of a
multitude of nations.

6 I will make you exceedingly fruitful,
and I will make nations of you. Kings will
come out of you.

7 I will establish my covenant between
me and you and your offspring after you
throughout their generations for an
everlasting covenant, to be a God to you
and to your offspring after you.

## بائبل: پیَدایشؔ ۱۷: ۱ سے ۱۷: ۷

**۱۷: ۱۔** جب ابرامؔ ننانوے برس کا ہُؤا تب
خُداوند ابرامؔ کو نظر آیا اور اُس سے کہا کہ، ”
میَں خُدایِ قادر ہُوں۔ تُو میرے حضور میں چل
اور کامل ہو۔“

۲۔ ” اور میَں اپنے اور تیرے درمیان عہد
باندھُونگا اور تجھے بہت زیادہ بڑھاؤنگا۔“

۳۔ تب ابرامؔ سرنگوں ہوگیا اور خُدا نے اُس
سے ہمکلام ہو کر فرمایا۔۴۔ ” کہ دیکھ میرا عہد
تیرے ساتھ ہے۔ اور تُو بہت قوموں کا باپ ہوگا۔

۵۔ اور تیرا نام پھر ابرامؔ نہیں کہلائیگا بلکہ
تیرا نام ابرہامؔ ہوگا کیونکہ میَں نے تجھے بہت
قوموں کا باپ ٹھہرا دیا ہے۔

۶۔ ” اور میَں تجھے بہت برومند کرونگا اور
قومیں تیری نسل سے ہونگی اور بادشاہ تیری
اَولاد میں سے برپا ہونگے۔“

۷۔ ” اور میَں اپنے اور تیرے درمیان اور
تیرے بعد تیری نسل کے درمیان اُنکی سب
پُشتوں کے لئے اپنا عہد جو ابدی عہد ہوگا
باندھُونگا تاکہ میَں تیرا اور تیرے بعد تیری نسل
کا خُدا رہُوں۔“

# BIBLE: Genesis 17:8-13

8 I will give to you, and to your offspring after you, the land where you are travelling, all the land of Canaan, for an everlasting possession. I will be their God."

9 God said to Abraham, "As for you, you will keep my covenant, you and your offspring after you throughout their generations.

10 This is my covenant, which you shall keep, between me and you and your offspring after you. Every male amongst
you shall be circumcised. 11 You shall be
circumcised in the flesh of your foreskin. It will be a token of the covenant between me and you.

12 He who is eight days old will be circumcised amongst you, every male throughout your generations, he who is born in the house, or bought with money from any foreigner who is not of your offspring.

13 He who is born in your house, and he who is bought with your money, must be circumcised. My covenant will be in your flesh for an everlasting covenant.

# بائبل: پیَدایشؔ ۱۷: ۸ سے ۱۷: ۱۳

۸۔ ” اور میَں تجھ کو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعانؔ کا تمام مُلک جس میں تُو پردیسی ہے اَیسا دُونگا کہ وہ دائمی ملکیت ہوجائے۔ اور میَں اُنکا خُدا ہُونگا۔“

۹۔ پھر خُدا نے ابرہامؔ سے کہا کہ، ” تُو میرے عہد کو ماننا اور تیرے بعد تیری نسل پُشت در پُشت اُسے مانے۔“

۱۰۔ اور میرا عہد جو میرے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان ہے اور جسے تم مانو گے سو یہ ہے کہ تُم میں سے
ہر ایک فرزندِ نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔ ۱۱۔ اور
تم اپنے بدن کی کھلڑی کا ختنہ کیا کرنا۔ اور یہ اُس عہد کا نشان ہوگا جو میرے اور تمہارے درمیان ہے۔

۱۲۔ تمہارے درمیان پُشت در پُشت ہر لڑکے کا ختنہ جب وہ آٹھ روز کا ہو کیا جائے۔ خواہ وہ گھر میں پیدا ہو خواہ اُسے کسی پردیسی سے خریدا ہو جو تیری نسل سے نہیں۔

۱۳۔ لازم ہے کہ تیرے خانہ زاد اور تیرے زر خرید کا ختنہ کیا جائے اور میرا عہد تمہارے جسم میں ابدی عہد ہوگا۔

# Genesis 17:14-19

14 The uncircumcised male who is not circumcised in the flesh of his foreskin, that soul shall be cut off from his people. He has broken my covenant."

15 God said to Abraham, "As for Sarai your wife, you shall not call her name Sarai, but her name will be Sarah."

16 "I will bless her, and moreover I will give you a son by her. Yes, I will bless her, and she will be a mother of nations. Kings of peoples will come from her."

17 Then Abraham fell on his face, and laughed, and said in his heart, "Will a child be born to him who is one hundred years old? Will Sarah, who is ninety years old, give birth?"

18 Abraham said to God, "Oh that Ishmael might live before you!"

19 God said, "No, but Sarah, your wife, will bear you a son. You shall call his name Isaac. I will establish my covenant with him for an everlasting covenant for his offspring after him.

## پیَدایشؔ ۱۷: ۱۴ سے ۱۷: ۱۹

۱۴۔ " اور وہ فرزندِ نرینہ جسکا ختنہ نہ ہُؤا ہو اپنے لوگوں میں کاٹ ڈالا جائے کیونکہ اُس نے میرا عہد توڑا۔"

۱۵۔ اور خُدا نے ابرہامؔ سے کہا کہ، " ساریؔ جو تیری بیوی ہے سو اُسکو ساری نہ پُکارنا۔ اُسکا نام سارہؔ ہوگا۔ "

۱۶۔ " اور مَیں اُسے برکت دُونگا اور اُس سے بھی تجھے ایک بیٹا بخشونگا۔ یقیناً مَیں اُسے برکت دونگا کہ قومیں اُسکی نسل سے ہونگی اور عالم کے بادشاہ اُس سے پیدا ہونگے۔"

۱۷۔ تب ابرہامؔ سرنگوں ہُؤا اور ہنس کر دِل میں کہنے لگا کہ، " کیا سَو برس کے بُڈھے سے کوئی بچّہ ہوگا اور کیا سارہؔ کے جو نوّے برس کی ہے اَولاد ہوگی؟"

۱۸۔ اور ابرہامؔ نے خُدا سے کہا کہ، " کاش اِسمٰعیلؔ ہی تیرے حضور جیتا رہے۔"

۱۹۔ تب خُدا نے فرمایا کہ، " بیشک تیری بیوی سارہؔ کے تجھ سے بیٹا ہوگا۔ تُو اُسکا نام اِضحاقؔ رکھنا۔ اور مَیں اُس سے اور پھر اُسکی اولاد سے اپنا عہد جو ابدی عہد ہے باندھُونگا۔"

# Genesis 17:20-25

20 As for Ishmael, I have heard you. Behold, I have blessed him, and will make him fruitful, and will multiply him exceedingly. He will become the father of twelve princes, and I will make him a great nation.

21 But I will establish my covenant with Isaac, whom Sarah will bear to you at this set time next year."

22 When he finished talking with him, God went up from Abraham.

23 Abraham took Ishmael his son, all who were born in his house, and all who were bought with his money: every male amongst the men of Abraham's house, and circumcised the flesh of their foreskin in the same day, as God had said to him.

24 Abraham was ninety-nine years old when he was circumcised in the flesh of his foreskin.

25 Ishmael, his son, was thirteen years old when he was circumcised in the flesh of his foreskin.

# پیَدایشؔ ۱۷: ۲۰ سے ۱۷: ۲۵

۲۰۔ اور اسمٰعیلؔ کے حق میں میَں نے تیری دُعا سُنی۔ دیکھ میَں اُسے برکت دُونگا اور اُسے برومند کرونگا اور اُسے بہت بڑھاؤنگا۔ اور اُس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور میَں اُسے بڑی قوم بناؤنگا۔

۲۱۔ لیکن میَں اپنا عہد اِضحاقؔ سے باندھُونگا جو اِگلے سال اِسی وقتِ مُعیّن پر سارہ سے پیدا ہوگا۔

۲۲۔ اور جب خُدا ابرہامؔ سے باتیں کرچُکا تو اُسکے پاس سے اُوپر چلا گیا۔

۲۳۔ تب ابرہامؔ نے اپنے بیٹے اسمٰعیلؔ کو اور سب خانہ زادوں اور اپنے سب زر خریدوں کویعنی اپنے گھر کے سب مردوں کو لیا اور اُسی روز خُدا کے حُکم کے مُطابق اُنکا ختنہ کیا۔

۲۴۔ ابرہامؔ ننّانوے برس کا تھا جب اُسکا ختنہ ہُؤا۔

۲۵۔ اور جب اُسکے بیٹے اِسمٰعیلؔ کا ختنہ ہُؤا تو وہ تیرہ برس کا تھا۔

**Genesis 17:26-27** 26 In the same day both Abraham and Ishmael, his son, were circumcised.

27 All the men of his house, those born in the house, and those bought with money from a foreigner, were circumcised with him.

**پیَدایشؔ ۱۷: ۲۶ سے ۱۷: ۲۷**

۲۶۔ ابرہامؔ اور اُسکے بیٹے اِسمعٰیلؔ کا
ختنہ ایک ہی دِن ہُؤا۔


۲۷۔ اور اُسکے گھر کے سب مردوں کا
ختنہ خانہ زادوں اور اُنکا بھی جو پردیسوں
سے خریدے گئے تھے اُسکے ساتھ ہُؤا۔




” مَیں سارہؔ سے تجھے ایک بیٹا بخشونگا۔“


ابرہامؑ اور سارہؑ


” میَں اسمٰعیلؑ کو بھی برکت دُونگا۔“



سارہؔ کو اُسکی بزرگی
میں ایک بیٹا ہوگا۔



ابرہامؑ خُدا کے وعدوں پر یقین رکھتا ہے۔



ہر لڑکے کے لئے ختنہ---


اور ہر آدمی کا ختنہ لازمی ہے۔ بیشک!


ابرہامؔ ننّانوے برس کا تھا جب اُسکا ختنہ ہُؤا۔


جب اِسمٰعیلؑ کا ختنہ ہُؤا تو وہ تیرہ برس کا تھا۔


ختنہ اُنکو خُدا کے ساتھ باندھے ہوئےعہد کو یاد دلاتا تھا۔


”اگلا؟“